Maulana Azad National Urdu University

Ph.D. (Translation Studies) Course Work Examination, April - 2021

Paper - PHTS101CCT : Methodological Approaches in Research of Translation Studies

پرچہ : مطالعات ترجمہ کی تحقیق میں طریقہ جاتی طرز

Time : 3 hrs **Marks : 70**

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لئے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. **حصہ اول** میں **10** لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. **حصہ دوم** میں آٹھ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دو سو **(200)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **6** نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. **حصہ سوم** میں پانچ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو **(500)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **10** نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال : 1

(i) تحقیق کس زبان کا لفظ ہے۔

a) فارسی b) عربی c) اردو d) ترکی

(ii) Manuscript کو اردو میں کیا کہتے ہیں۔

a) مطبوعہ b) مجموعہ c) مکتبہ d) مخطوطہ

(iii) Hypothesis کا اردو متبادل کیا ہے۔

a) خاکہ b) مسودہ c) ماخذ d) مفروضہ

(iv) تنقید کے مقابلے میں تحقیق کا دائرۂ کار:

a) محدود ہوتا ہے b) لامحدود ہوتا ہے c) غیر موضوعاتی ہوتا ہے d) موضوعاتی اور محدود ہوتا ہے

(v) ''تحقیق کا فن'' کس کی تصنیف ہے؟

a) گیان چند b) میلا رام c) مالک رام d) گوپی چند نارنگ

(vi) مقالے کی تسوید کسے کہتے ہیں۔

a) مسودہ کی ترمیم و اصلاح b) مواد اکٹھا کرنا

c) موضوع سے پوری واقفیت حاصل کرنا d) مقالے کا پہلا مسودہ تیار کرنا

(vii) تحقیق میں سب سے اہم منزل اور مرکزی نقطہ کیا ہے۔

a) اشاریہ کی تیاری b) فٹ نوٹ c) موضوع کا انتخاب d) کتب خانوں تک رسائی

(viii) تحقیق میں زیادہ زور کس بات پر دیا جاتا ہے۔

a) مواد پر b) تخلیق پر c) تنقید پر d) دریافت پر

(ix) Index کسے کہتے ہیں۔

a) فہرست b) اشاریہ c) کتابیات d) جدول

(x) ایک محقق کے لیے لازمی خصوصیت کونسی ہے۔

a) آزادانہ جستجو کا جذبہ b) مشاہدات اور دلائل پر اعتماد c) غیر جانبداری d) مذکورہ تمام

حصہ دوم

2. تحقیق سے کیا مراد ہے؟
3. تحقیق کے اقسام پر روشنی ڈالیے۔
4. معیاری محقق کے اوصاف بیان کیجیے۔
5. تحقیقی اخلاقیات کسے کہتے ہیں؟ اس کی ضرورت کیا ہے۔
6. ابواب بندی پر نوٹ لکھیے۔
7. تحقیق کے مختلف مآخذ پر اظہار خیال کیجیے۔
8. موضوع سے متعلق تمام دستیاب مواد کا مطالعہ کیوں ضروری ہے؟ بحث کیجیے۔
9. سندی اور غیر سندی تحقیق کا تقابلی جائزہ لیجیے۔

حصہ سوم

10. آپ کی پی۔ایچ۔ڈی کے لیے مجوزہ موضوع پر تفصیلی مضمون لکھیے۔
11. محقق کی ذمہ داریاں اور نگران کے اوصاف کے بارے میں آپ کی کیا رائے ہے۔
12. تخلیق، تحقیق اور تنقید کے باہمی رشتوں پر روشنی ڈالیے۔
13. معیاری اور مقداری تحقیق کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں۔
14. حوالے جات اور کتابیات کی تیاری کے اصول وملحوظات بیان کیجیے۔

☆☆☆